الہلال

ہفت روزہ

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد : ۹
شمارہ : ۲۴

راولپنڈی ملتان اور لاہور میں طلبہ اور پولیس کے درمیان جھڑپیں

طلبہ کے ہنگاموں کے بعد تینوں شہروں میں تعلیمی ادارے بند کر دیئے گئے

اسٹیڈیم کے دھماکے کے بارے میں پوچھ گچھ جاری ہے

دھماکے سے ہلاک ہونے والے کی لاش اب تک شناخت نہیں ہو سکی

پاکستان انتہائی نازک

حالات سے گزر رہا ہے

راولپنڈی میں طلبہ اور پولیس میں جھڑپیں آگ اور پتھراؤ سے بسیں تباہ ہو گئیں

کوئٹہ میں ۳۰ طلبہ کی رہائی اور ۴۲ طلبہ کے خلاف مارشل لاء کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے

پولیس کی زیادتی کے خلاف گارڈن کالج کے اساتذہ کا احتجاج

دونوں جماعتوں کی سیاسی دستاویز پر دستخط نہیں کیے گئے

موٹر سائیکل کی پچھلی سواری!

[illegible]

روزنِ دیوار سے

عطاء الحق قاسمی

[illegible]

غزل : صالحہ صبوحی

کیا اب حقیقت کا چہرہ بدل گیا
یا یہ ہوا کہ رُخ کا نظریہ بدل گیا

ہم تو حقیقتوں کے ازل سے ہیں پاسباں
یہ اور بات آپ کا رستہ بدل گیا

کیوں کھوئے کھوئے رہتے ہیں اب وہ بھی دوستو
کچھ بات ہے ضرور جو حلیہ بدل گیا

ہم گھر کی انجمن میں ہی محدود ہو گئے
باہر نکل کے دیکھا تو نقشہ بدل گیا

گو اب بھی ہے مٹھاس بہت گفتگو میں پر
ایمان کی ہے بات کہ لہجہ بدل گیا

ہنس ہنس کے ہم کلام تھے ہر ایک سے مگر
میری طرف جو دیکھا تو چہرہ بدل گیا

خود غرض دوستوں سے ملے جب بھی یوں لگا
انگشتری کا جیسے نگینہ بدل گیا!

تھی جیت صاف پھر بھی ہمیں مات ہو گئی
شہ پڑ رہی تھی جس سے وہ مہرہ بدل گیا

اب بھی وہی ہے چیتے پالنے کا سلسلہ!
ہم نے سنا تھا سارا ماحول بدل گیا

آنے کو بھی چمن میں ہے بہار لئے
بلبل نوائے سنج کا نغمہ بدل گیا

رُوپیشیاں

فرزانہ چوہدری

[illegible]

اہم عربی ضرب الامثال

مجمہ مشتاق

[illegible]

لیموں کے فوائد

[illegible]

بھارت نے جماعت اسلامی کے اجتماع کیلئے ویزا دینے سے انکار کر دیا

بھارتی حکومت نے تمام اسلامی ملکوں میں اپنے سفارتخانوں کو ہدایات جاری کر دیں کہ حیدر آباد دکن میں ہونے والے جماعت اسلامی ہند کے چھٹے سالانہ اجتماع میں شرکت کرنے والوں کو ویزا جاری نہ کئے جائیں۔ متحدہ عرب امارات کی وزارت انصاف کا بیان

انکار سے بھارت اور عالم اسلام کے تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ ترجمان امارات

سعودی عرب اور دیگر ملکوں سے جماعت کے مندوبین کو ویزا نہیں دیا گیا۔ بھارتی رویہ پر اظہار افسوس

وزیر انصاف کی وجہ بھارت کی داخلی صورت حال ہے۔ ابوظہبی کے بھارتی سفارتخانے کا بیان

راولپنڈی اور اسلام آباد میں فرنٹیئر کانسٹیبلری گشت کر رہی ہے

صرف غیر ملکی سفارت کاروں کا تحفظ مقصود ہے۔ وزیر داخلہ

مغرب کی انتہائی بے مقصد نے گلے سے فکری انقلاب کی ضرورت ہے

پی آئی اے کی انتظامیہ میں مزید تبدیلیوں کا اعلان

صلاح الدین صدیقی پبلک افیئرز کے نئے جنرل منیجر ہونگے ڈائریکٹر ولایت سعیدی کی اسامی ختم کر دی گئی

لاشوں کی شادی

جمعیۃ علما پاکستان کی طرف سے سیاسی جماعتوں کی کانفرنس بلانے کی تجویز

۹ سیاسی جماعتوں کے اعلان میں نظام مصطفےٰ کے نفاذ کے مطالبہ کو نظرانداز کیا گیا تھا

الفتاویٰ کی مقبولیت کا پانچواں ایڈیشن تیار ہو گیا


ٹورانٹو میں ۲۲۰ وولٹ کے ایپلائنسز بھی دستیاب ہیں۔

وقت اور روپیہ بچائیے

براہ راست لاہور ڈرائی پورٹ

حاضر کاغذات

فلپس - کیلوی نیٹر - فلکو کے ریفریجریٹرز اور ڈیپ فریزر۔ فلپس کیس کوکرز، ٹیلی ویژن، وی سی آر، واشنگ مشین۔ فلکو اور واشنگ مشین۔ پیف اور پاسلائی مشین حاضر اسٹاک سے دستیاب ہے۔ ہمارے کنٹینرز ہر ہفتہ کے تیسرے ہفتے میں بذریعہ بحری جہاز پاکستان کے لئے روانہ ہوتے ہیں اور روانگی سے ۴ ہفتوں کے اندر پاکستان پہنچ جاتے ہیں۔

وقت اور روپیہ بچائیے

حکومت پاکستان کی دی ہوئی سہولتوں سے فائدہ اٹھائیے

ZHANCO EXPORT HOUSE
[Canada]INC.,
1033 Pape Avenue Toronto, Ont.
M4K 3W1
Phone:(416)421-658 or - 6

خدا پر ایمان رکھنے والوں کے درمیان رشتے مستحکم ہوتے ہیں: پوپ پال

اسلام امن و سلامتی کا دین اور پاکستان اس کا مظہر ہے: صدر ضیا

پاکستانی عوام امن و محبت اور خلوص سے سرشار ہیں ۔ پوپ کو جوابی پیغام

پاپ جان پال کو زندگی میں پہلی بار سر پر پگڑی باندھنے کا موقع اسی وقت ملا جب گزشتہ ہفتے کے روز انہیں کراچی میں دو پاکستانی عیسائی بچوں نے پگڑی پیش کی ۔

گھڑ دوڑ پر شرطیہ

برطانوی فرم کو پی آئی اے کا کنسلٹنٹ مقرر کرنے کی منظوری دیدی گئی

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

ٹورانٹو میں پاکستانی ٹیلی ویژن ؟

ٹورانٹو میں آج کل غیر پاکستانی حضرات وطن پاک کے نام پر مفت وقت حاصل کر کے ٹیلی ویژن پر غیر معیاری اور پاکستانی تہذیب و ثقافت کے خلاف ٹیلی ویژن شو پیش کر رہے ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستانی حضرات خود اپنا پروگرام پیش کریں جو ہماری تہذیب کی نمائندگی کرے تو ذیل میں دیا ہوا کوپن پُر کر کے ہمیں بھیجیے ۔

Name ....

Address ....

Postal Code ....

Telephone No. ....

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto,
Ont. Canada M2H 2P6

تم نے میری بیٹیوں کو دیکھا ہے؟

کفالتی اسکیم کے عازمین حج پاسپورٹ اور ویزا خود وصول کریں

تحریک بحالی جمہوریت کے تحت کمیٹیوں کا قیام

بڑی طاقتوں نے ساز باز کرکے مسلمانوں کو محکوم بنایا ۔ خمینی

بھارت میں زیر تکمیل فلم "گاندھی"

Canada
Why do you live here?

آپ کینیڈا میں کیوں رہتے ہیں؟

ہو سکتا ہے کہ آپ اس ملک میں پیدا ہوئے ہوں یا ہو سکتا ہے کہ آپ کی پیدائش اس ملک کی نہ ہو۔

لیکن آپ یہاں اس لیے رہائش پذیر ہیں کہ آپ یا آپ کے آباؤ اجداد نے کینیڈا کو اپنی رہائش کے لیے منتخب کیا ہے۔ اور اس انتخاب کی وجہ وہ سہولتیں ہیں جو کینیڈا یہاں رہنے والے ہر فرد کو پیش کرتا ہے۔

یہ ایک ایسی قوم ہے جو زندگی میں آزادی اور ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے — ایک قوم جو ہر نسل، مذہب اور ثقافت کے افراد کو خوش آمدید کہتی ہے اور ان کا احترام کرتی ہے۔

ہمارے کینیڈین ہونے کی یہی وجہ ہے۔

Multiculturalism

Honourable Jim Fleming
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Jim Fleming
Ministre d'État
Multiculturalisme

Canada

خطرناک علامت

یوں ہارنے کا ایک سبب یہ بھی ہے!

کتاب و حکمت :

باہم صلح کرانے کی فضیلت

مولانا عبدالحق حسنی



عمل : شریف گلزار

محتاج ترے نور کی ہر صبح و مسا ہے

حکیم شریف احسن

کہتے ہیں جسے دل کے دھڑکنے کی صدا ہے
سنیے جو اسے صلِ علیٰ ، صلِ علیٰ ہے

اے روشنی چشم مہ و مہر محبت
محتاج ترے نور کی ہر صبح و مسا ہے

ایمان و محبت ترے انفاس کی خوشبو
احسان و مروت تری طلعت کی ضیا ہے

فردوس تری نکہت جاں بخش سے فردوس
جنت میں ترے نور سے جنت کی فضا ہے

جو تیرا ہوا اس کا خدا و ہر دو عالم
جو تجھ پہ فدا ارض و سما اس پہ فدا ہے

پیشانی کہیں میرے سپہ میں نہیں دیکھی
سر سجدہ کناں، لب پہ دعا، لوم وفا ہے

کیوں رشک خلائق ترا ہو حسن گزشت و روز
جنت میں محبت کے تری نغمہ سرا ہے

تازہ به تازہ نو به نو

اردو ادب کا پاکستانی دور

منشور — میرا دشمن

جناب شیخ کا نقش قدم

مضامین، تراکیب قافیے اور ردیفیں شکیب جلالی کی لیکن نام کسی اور کا!

علم — علامہ اقبال

ادب و ثقافت

ایک عہد ساز شاعر
فیض احمد فیض
جن کی آج ۷۰ ویں سالگرہ ہے

عقیل دانش

[illegible]

تازہ بہ تازہ نو بہ نو

اردو ادب کا پاکستانی دور

[illegible]

تبصرہ — مراد حسن

[illegible]

جناب شیخ کا نقش قدم

[illegible]

مضامین، تراکیب، قافیے اور ردیفیں شکیب جلالی کی لیکن نام کسی اور کا!

[illegible]

چند ادبی ...

[illegible]

پروین شاکر نے کہا: کاش سرحدوں کی یہ مصنوعی لکیر مٹ جائے

[illegible]

فیض احمد فیض کی ۷۰ ویں سالگرہ کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

[illegible]

RAZIA KHAN, M.D.

ANNOUNCES THE OPENING OF HER OFFICE
FOR THE PRACTICE OF

FAMILY MEDICINE

AT

WARDEN MEDICAL ARTS BUILDING
2191 WARDEN AVENUE
SUITE 304
SCARBOROUGH, ONTARIO

HOURS 10.00 A.M. - 5.00 P.M. MONDAY TO FRIDAY

SATURDAY & EVENING APPOINTMENTS
BY ARRANGEMENT

TELEPHONE
(416) 499-3980

[illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

کینیڈا (ٹورنٹو اونٹاریو) میں مقیم ایک پاکستانی امیگرنٹ کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کا خوبصورت، تعلیم یافتہ اور پروفیشنل ہونا ضروری ہے۔ خواہشمند حضرات پہلے خط میں ہی تفصیلات سے آگاہ کریں۔

K. M. c/o al-Hilal

•

امریکہ اور پرڈرانٹو میں قیام رکھنے والے شریف خاندان سے تعلق رکھنے والی ۲۵ سالہ لڑکی کے لیے امیگرنٹ مسلمان اور مذہبی اصولوں کی پابند لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے فوری خط لکھیے:

SHAH c/o al-Hilal

•

پاکستان میں مقیم پنجابی خاندان کے خوبصورت لڑکے کے لیے ۲۸ سال سے کم عمر لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کا سارا خاندان ٹورانٹو میں مقیم ہے۔ اس لیے کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ قابل ترجیح ہوگا۔ تفصیلات کے لیے خط لکھیے۔

MRS. MOHAMMAD c/o al-Hilal

انجمن اردو کینیڈا

انجمن اردو کینیڈا کے زیر اہتمام ۲۹ مارچ کو "اسلامی آرٹ" کے موضوع پر ایک مذاکرہ منعقد ہوگا جس میں جناب ڈاکٹر منیب الرحمٰن (اوک لینڈ یونیورسٹی) اپنا مقالہ رنگین سلائیڈز کے ساتھ پیش کریں گے۔ مذاکرہ کے اختتام پر ۹ بجے شب ایک مشاعرے کی نشست ہوگی۔ جس میں مقامی شعراء کے علاوہ امریکہ سے آئے ہوئے مہمان شعراء جناب ڈاکٹر منیب الرحمٰن، چوہدری محمد نعیم اور محمد یعقوب شرکت کریں گے۔ وقت مذاکرہ ۵ بجے شام بمقام ۷۵۲ بلور اسٹریٹ ویسٹ کمرہ نمبر ۲۰۴۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے: ... 898-4391 ؛ ... 476-1739

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر — تبدیلی تاریخ کی اطلاع

پاکستانی سفارت خانہ (اوٹاوا) کی اطلاع کے بموجب ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کے لیے سفارت خانے کا عارضی دفتر ۱۰ مارچ اور ۸ مارچ کی بجائے ۲۷ فروری سے یکم مارچ تک کھلا رہے گا۔ مقام "چیلسی ان" واقع ۳۳ جیرارڈ اسٹریٹ ویسٹ۔ فون نمبر (416) 595-1975 ہے۔

تاریخ کی اس تبدیلی سے جن لوگوں کو تکلیف ہوئی ہے اس پر سفارت خانہ معذرت خواہ ہے۔

ماہ مارچ میں کیمپ آفس کے انعقاد کے بارے میں جلد ہی اعلان جاری ہو جائے گا۔

قارئین نوٹ فرمائیں

جو قارئین "الہلال" اور "کریسنٹ" دونوں حاصل کرتے آئے ہیں انہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ اب یہ دونوں پرچے علیحدہ علیحدہ ڈاک سے بھیجے جائیں گے۔ اس تبدیلی کے نتیجے کے طور پر ایک ہفتہ "کریسنٹ" اور دوسرے ہفتے "الہلال" بھیجا جائے گا۔

دکانوں پر فروخت ہونے والے اخبار کی قیمت پچاس سینٹ سے ۷۵ سینٹ کر دی گئی ہے۔ یہ اضافہ ایک طویل مدت کے بعد بڑھتے ہوئے اخراجات کی بنا پر عمل میں آیا ہے۔

ادارہ

عصر جوانمرداں حق گوئی و بیباکی کی زندہ مثال

مسلمانان عالم کے لیے پیغام بیداری — دنیا بھر میں اپنی طرز کا واحد جریدہ — اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان

"کریسنٹ انٹرنیشنل"

جو ٹورانٹو سے انگریزی زبان میں ہر پندرہ دن بعد شائع ہوتا ہے اور دنیا کے کونے کونے میں بھیجا جاتا ہے۔ "الہلال" کے خریدار صرف ساٹھ ڈالر میں یہ پرچہ سال بھر کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ ملاحظہ کیجیے کوپن صفحہ آخر پر۔

Remember Ontario Tax Credits at tax filing time.

انکم ٹیکس کا فارم داخل کرتے وقت انٹاریو ٹیکس کریڈٹس کو یاد رکھیے

معلوم کیجیے کہ یہ کریڈٹس آپ کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

Find out how you qualify:

معمر شہری متوجہ ہوں!

۳۱ دسمبر ۱۹۸۰ تک ۶۵ سالہ یا اس سے زائد عمر والوں کے لیے ۱۹۸۰ میں شروع ہونے والی انٹاریو ٹیکس گرانٹس، انٹاریو پراپرٹی اور سیلز ٹیکس کریڈٹ کے عوض ہیں۔ اگر آپ فیڈرل انکم ٹیکس کا فارم داخل کر رہے ہیں تو بھی آپ انٹاریو ٹیکس کریڈٹ کا فارم مت پُر کیجیے تاوقتیکہ آپ پولیٹیکل کنٹریبیوشن ٹیکس کریڈٹ کے حقدار نہ ہوں۔

نرسنگ ہوم میں رہنے والے

نرسنگ ہوم یا اسی قسم کے دوسرے اداروں میں رہنے والے عموماً پراپرٹی ٹیکس کریڈٹ یا پراپرٹی گرانٹ کے حقدار نہیں ہوتے۔

مزید معلومات اور انٹاریو ٹیکس کریڈٹ گائیڈ کی کاپیاں حاصل کرنے کیلئے منسٹری آف ریونیو کے معلوماتی سنٹر کو فون کیجیے۔ فون نمبر یہ ہے:

- ٹورنٹو کے رہائشی 965-8470 پر فون کیجیے۔
- ایریا کوڈ 807 کے رہائشی آپریٹر سے ZENITH 8-2000 کی درخواست کیجیے۔
- دوسرے تمام علاقوں کیلئے یہ فون نمبر ہے: 1-800-268-7121

انٹاریو کی حکومت لوگوں کی مدد کیلئے کام کر رہی ہے۔



پولیٹیکل کنٹریبیوشن ٹیکس کریڈٹ

یہ کریڈٹ آپ حاصل کر سکتے ہیں اگر آپ نے انٹاریو کی کسی رجسٹرڈ سیاسی پارٹی، سیاسی ایسوسی ایشن یا انٹاریو کے صوبائی الیکشن کے امیدوار کو چندہ دیا ہے۔

یہ کریڈٹ اسی وقت مل سکتا ہے جبکہ آپ کا صوبائی ٹیکس آپ کی جائیداد اور آپ کے سیلز ٹیکس کریڈٹ سے زیادہ ہو۔ زیادہ سے زیادہ پولیٹیکل کنٹریبیوشن ٹیکس کریڈٹ ۵۰۰ ڈالر تک مل سکتا ہے۔

اگر آپ ۶۵ سال سے کم عمر والے انٹاریو کے شہری ہیں تو آپ انٹاریو کے تین ٹیکس کریڈٹس میں سے کسی ایک یا اس سے زیادہ کے حقدار ہو سکتے ہیں، خواہ آپ کی کوئی پر ٹیکس لگا نہ ہو۔

کریڈٹس حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کا سفید رنگ کا انٹاریو ٹیکس کریڈٹس فارم پُر کر کے اپنے فیڈرل انکم ٹیکس فارم کے ساتھ بھیج دیں۔

پس یاد رکھیے! فارم پُر کیجیے اور ڈاک سے بھیج دیجیے۔ انٹاریو ٹیکس کریڈٹس آپ کے لیے ہیں۔

پراپرٹی ٹیکس کریڈٹ

پراپرٹی ٹیکس کریڈٹ سے جائیداد اور رہائش کے ٹیکسوں کا بار کم ہوتا ہے۔ اس کا انحصار آپ کی جائیداد کے ٹیکس یا کرائے مکان اور آمدنی پر ہے۔

سیلز ٹیکس کریڈٹ

اس کریڈٹ سے صوبائی ریٹیل سیلز ٹیکس کی مد میں دی ہوئی رقم کا ایک حصہ واپس ملتا ہے۔ یہ آپ کی ذاتی آمدنی اور آپ کے EXEMPTIONS پر منحصر ہے۔ زیادہ سے زیادہ رقم جو آپ اور آپ کی جائیداد سیلز ٹیکس کریڈٹ کی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں وہ ۵۰ ڈالر ہے۔

Ministry of Revenue
Ontario
Lorne Maeck, Minister
William Davis, Premier

اطلاع

ڈاکٹر رضیہ خان نے فیملی میڈیسن کی پریکٹس کے لیے اسکاربرو میں دفتر کھولا ہے جو ۱۹۱۵ وارڈن ایونیو پر واقع وارڈن میڈیکل آرٹس بلڈنگ میں کمرہ نمبر 304 پر ہے۔ اوقات پیر تا جمعہ صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک ہیں۔ ہفتے کے دن یا شام کے اوقات میں بھی مل سکتے ہیں۔ فون نمبر یہ ہے: (416) 499-3999

غیر سودی تجارت

اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں سرمایہ لگائیے

معقول منافع

اجر و ثواب تا قیامت

KAZI PUBLICATIONS
1520 N Wells St., Chicago, IL 60610, USA. Tele: (312) 642-1251

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۲ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

ہالینڈ کی حکومت نے پاکستان کے ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر خان پر مقدمہ قائم کیا

ایٹمی راز چوری کرنے کے الزام میں مقدمہ کی سماعت ایمسٹرڈیم میں

ہالینڈ کی دو تجارتی کمپنیاں بھی ملوث کر لی گئیں

اندرا کانگریس نے مقبوضہ کشمیر میں شیخ عبداللہ کے خلاف مہم چلانے کا فیصلہ کر لیا

ممتاز صحافی اے آر شبلی انتقال کر گئے

وفاقی شرعی عدالت نے ہاتھ کاٹنے کی سزا منسوخ کر دی

آسام کے ریڈیو اسٹیشنوں میں بموں کے دھماکے گجرات میں فائرنگ سے ۲ عورتیں ہلاک

آل انڈیا ریڈیو کی نشریات کئی گھنٹے معطل رہیں عمارتوں کو نقصان پہنچا

اندرا گاندھی شو

Restaurant Manager Wanted

A fast food outlet selling salads and a few selected Pakistani dishes requires a manager. Should have some knowledge of food preparation, ability to supervise 3 to 4 employees, and dealing pleasantly with mostly Canadian customers is essential. Will be responsible for purchasing. Some basic record keeping and proper maintainance of store. Management experience preferred. Centrally located in Toronto. Good Compensation. Please phone after 7.00 p.m. (416)495-5020

ایلیس انٹرنیشنل

ہم ۲۲۰ وولٹ کے تمام اپلائنسز مثلاً فریج، ٹی وی، ایرکنڈیشنر، ریڈیو ریکارڈر اور واشنگ مشین کے علاوہ گیس کے چولہے بھی یورپ سے براہ راست کراچی بھجواتے ہیں۔

کینیڈا میں فلپس کے واحد منظور شدہ ڈیلر

پچھلے ۷ سال سے آپ کی خدمت کرنے والے

AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

"بغاوت" اور "حقیقت" ضبط

راگنی اور مینا شوری بھیک مانگتی ہیں

محمد علی

زیبا

مینا شوری

ناہید اختر

راگنی

ناہید اختر نوجوان گلوکاروں میں ممتاز ہیں

ملکہ ترنم نور جہاں

پاکستانی فلمیں جیسی ہوتی تھیں
ٹی وی نے فلم انڈسٹری کو لے ڈوبا

[illegible]

بیگم رعنا لیاقت علی میرے خاندان کی عزیز ترین دوست ہیں: آغا خان

انہوں نے خواتین اور معاشرے کی بہت خدمت کی ہے۔ ان کے دادا بھی ہمارے خاندان کے دوست تھے

محمد رضا کی تصنیف چینج اینڈ چیلنج کی افتتاحی تقریب سے اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا کا خطاب

کراچی — [illegible]

پرنس کریم آغا خان، بیگم رعنا لیاقت علی خان کی کتاب کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں [illegible]

روس بھارت کو پاکستان پر حملے کے لیے اکسا رہا ہے: ڈاکٹر فاروق عبداللہ

پاکستان کو ایٹم بنانے کی کوشش پر بھارتی اعتراض کا کوئی جواز نہیں۔ سرینگر میں جلسے سے خطاب

[illegible]

بھارتی پولیس میں مسلمان ۲ فیصد سے بھی کم ہیں

نئی دہلی — [illegible]

بھٹو ذہن بدترین آمریت ہوتی

سفیر افغانستان قطب الدین کا بیان

لندن — [illegible]

ببرک کارمل وزیر خارجہ کے ساتھ روس چلے گئے

کابل — [illegible]

نائیجیریا میں خود ساختہ پیغمبر جو مسلمانوں کا خون پیتا تھا

فوج کی کارروائی میں ۵ ہزار پیروکاروں کے ساتھ مارا گیا

لندن — نائیجیریا [illegible]

خود ساختہ پیغمبر

[illegible]

گروسری - سبزیاں - مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH
GROCER
Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West
Toronto, Ont.

مال کا فتنہ



وہ نہایت مخلص، ملنسار، وضعدار اور ایثار پسند ساتھی تھے [illegible] ایک جگہ [illegible] اور وہ مجھ سے بچھڑا [illegible] مجھے تعلیم سے فراغت [illegible] ایک دوسرے کو [illegible] پہچان بھی نہ سکا [illegible] ساتھی [illegible] سے ملنے کا [illegible] بس اسٹینڈ سے [illegible] دوران سفر ایک گھنٹے میں [illegible] اپنے ساتھی کے تمام احوال [illegible] گئے۔ میرا ساتھی [illegible] ایک چھوٹا سا کاشتکار خاندان سے تعلق رکھتا تھا [illegible] اس کی امانت و دیانت اور راست بازی معروف تھی [illegible] سے بڑھ کر [illegible] اعمال میں ما بہ الامتیاز کرتا، عزیزوں اور ناداروں سے اسے بے حد ہمدردی تھی۔ دینی اجتماعات میں پابندی سے شرکت کرتا۔ اس کی اعلیٰ ظرفی اور کردار کی بلندی نے اسے ایک بہترین داعی کے مقام پر لاکھڑا کیا تھا۔ اس کی باتوں میں حلاوت اس کی تقریر میں بے پناہ کشش ہوتی اس کی دعوت و تبلیغ سے دوسروں افراد کے اندر خوشگوار تبدیلیاں رونما ہوتیں۔ مگر ادھر ایک عرصہ سے میں اپنے قدیم ساتھی کے بارے میں جو کچھ سن رہا ہوں اس پر کیسے یقین کر لیتا۔ مالدار وہ دولت مند ہو گیا ہے وہ عالیشان مکان میں رہتا ہے۔ چمکتی ہوئی کاروں اور اڑتے ہوئے طیاروں میں سفر کرتے [illegible] ہے آگیا ہے کہ خدا کی دین ہے آخر میرا وہ قدیم ساتھی جو عزیمت کے سنگین مرحلوں کو [illegible] طوفانوں کو ہنس کھیل کر عبور کر گیا ہو کس طرح یقین کر لوں کہ وہ دولت کی ریل پیل سے شکست کھا جائے گا اور ایسی شکست کہ دین کی راہ میں دینے کے اس کے پاس کوئی لمحہ نہ ہوگا۔ کیا دولت کی ریل پیل اسے بے نمازی بنا سکتی ہے۔ کیا کاروں اور ہوائی جہازوں کا سفر اسے غرور میں مبتلا کر سکتا ہے، ہرگز نہیں۔ میرا دل ان کی سنائی باتوں پر مطمئن نہیں ہوتا۔ مگر میرے رفقاء غلط بیانی نہیں کر سکتے۔ بس منزل مقصود کی طرف گامزن تھی مگر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میرا ذہن سفر لاکھوں میل فی سکنڈ کا ہو رہا ہے۔

"یہ ہے وہ بس اسٹینڈ"۔ یہاں میں اتر گیا۔ ایک صاحب سے دریافت کیا۔

"کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جناب شفیق صاحب کہاں رہتے ہیں؟"

"آپ بابو شفیق صاحب کوٹھی والے کو پوچھ رہے ہیں جو اعظم گڑھ ضلع کے رہنے والے ہیں؟"

"جی ہاں میں ان سے ملنا چاہتا ہوں" میری زبان سے بے ساختہ الفاظ نکلے۔

"یہ ہے بابو شفیق صاحب کی کوٹھی۔ گیٹ پر چپراسی تعینات ہے وہ آپ کی ملاقات کرا دے گا۔" یہ کہہ کر بزرگوار واپس لوٹ گئے۔ میں نے ایک اچٹتی ہوئی نظر عمارت پر ڈالی۔ سامنے گیراج میں دو چمکتی ہوئی کاروں پر نظر پڑی۔ سب کچھ چند ہی لمحوں میں میری نگاہوں میں آگئے۔ میں نے بلا کسی توقف کے چپراسی کو مخاطب کیا۔

"کیا بابو شفیق صاحب سے اسی وقت ملاقات ہو سکتی ہے؟"

چپراسی کی نگاہ گھڑی پر پڑتے دیکھ کر میری نگاہ اپنی گھڑی پر پڑی تو دیکھا گیارہ بج چکے ہیں۔

"وہ آج ہی امریکہ سے آئے ہیں اس وقت آرام کر رہے ہوں گے کوئی ضروری کام نہ ہو تو شام کو چار بجے تشریف لائیے۔"

چپراسی کی یہ بات مجھے پسند آئی میں نے جیب سے قلم اور کاغذ کا ایک ٹکڑا نکالا سامنے پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھ کر پرچے پر صرف اپنا نام

"ابو اختر اعظمی"

لکھا۔ چپراسی کو دے کر کہا کہ "تم اسے بابو شفیق تک پہنچا دو چند منٹ کے بعد جواب دے کر واپس آجاؤ تب تو میں چلا جاؤں گا"۔ چپراسی پرچہ لے کر اندر گیا چند ہی لمحے گزرے ہوں گے کہ سانولے چہرے، سفید داڑھی بھاری بھرکم بدن لئے ہوئے ایک صاحب تیزی سے باہر آئے اور مجھ سے لپٹ گئے دو بچھڑے ہوئے ساتھی بیس سال بعد معانقے میں مصروف ہو گئے۔ دونوں کی آنکھیں خوشی سے نم ہو گئیں۔ اب ہم دونوں عالیشان بنگلہ کے ایک نفیس کمرے میں آمنے سامنے بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ اپنے قدیم ساتھی کو پاکر اور ان کے حسن سلوک کو دیکھ کر وقتی طور پر میرا الجھا ذہن ہلکا ہو گیا میں نے اطمینان کا سانس لیا۔ میرے قدیم ساتھی نے اپنا عہد ماضی بیان کراتے ہوئے اپنی موجودہ کیفیت کا نقشہ بڑی تفصیل سے بیان کیا۔ اس کی تلخیص حسب ذیل ہے۔

"اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے پاس کسی چیز کی کمی نہیں ہے وہ مجھ پر دولت کی بارش کر رہا ہے مگر بیس سال قبل جو قلبی سکون اور حقیقی مسرت مجھے حاصل تھی وہ مجھ سے چھن گئی ہے۔ میرے پاس فرصت کا کوئی لمحہ نہیں ہے۔ پنج وقتہ نماز اور نماز جمعہ کی بات تو الگ رہی عیدین اور بقرعید بھی ہوائی جہازوں میں گزرتی ہے۔ رات میں نیند کے لئے گولیوں کا استعمال میرے معمولات میں شامل ہو گیا ہے۔"

میرے ایک سوال کے جواب میں فرمایا

"آپ قرآن حکیم اور لٹریچر کی بات دریافت کرتے ہیں آپ کو یقین نہیں آئے گا کہ مجھے آپ کے نام آئے ہوئے [illegible] تک کو پڑھنے کی فرصت نہیں ملتی۔ مجھے اس کا احساس ہے کہ میں قرآن حکیم کا مطالعہ نہیں کر پاتا۔ مگر کچھ علماء کی رائے یہ بھی تو ہے کہ جو عربی زبان

کچھ یادیں کچھ باتیں

نہیں جانتا وہ اگر اردو ترجمہ و تفسیر سے قرآن کا مطالعہ کرے گا تو فائدہ کے بجائے نقصان پہنچ جانے کا اندیشہ ہے۔ نماز میں کوتاہی مجھے تسلیم ہے مگر آپ نہیں جانتے کہ میں کس قدر مصروف رہتا ہوں۔

میں نے [illegible] صاحب سے کہا تھا کہ بھائی تم میرے پاس چار چھ مہینے میں ایک بار آجایا کرو میں بیت المال میں کچھ دے دیا کروں گا مگر انہوں نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی۔ بتائیے میں کیا کر سکتا ہوں۔

میں نے اپنے قدیم ساتھی کی تمام باتیں غور سے سنیں بعض باتیں دریافت کیں جن کی توضیح انہوں نے وضاحت فرمادی۔ آخر میں میں نے عرض کیا کہ اب آپ چند منٹ میری کیفیت بھی سن لیں۔

"میں سراپا خداوند قدوس کے فضل و کرم میں ڈوبا ہوا ہوں۔ آپ سے کہیں زیادہ دولت مند ہوں۔ آپ کی بلڈنگ سے زیادہ عالیشان اور پائیدار بلڈنگ کی تعمیر میں لگا ہوا ہوں میرا مستقبل آپ کے مستقبل سے کہیں زیادہ تابناک ہے۔ الحمدللہ، بینک بیلنس بھی آپ سے زیادہ رکھتا ہوں، سفر کے ذرائع بھی آپ کے ذرائع سے کہیں زیادہ قیمتی اور شاندار ہیں۔ دن بھر محنت کرتا ہوں۔ شب میں میٹھی نیند سوتا ہوں۔ میرا قلب خدا کے فضل و کرم سے گداز اور مطمئن ہے۔

آپ کی طرح میرے پاس بھی "فرصت" نام کا کوئی لمحہ نہیں ہے۔ میرا ایک ایک لمحہ زندگی اور ایک ایک نفس حیات خداوند قدوس کی عطا کردہ امانت ہے جسے اس کی مرضی کے تحت صرف کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں بھی ہزاروں [illegible] روپیہ سے تیار کی ہوئی بسوں، کاروں میں [illegible] تیار کی ہوئی [illegible] میں سفر کرتا ہوں جہاں سڑک آجاتی ہے اطمینان کے ساتھ [illegible] ہوں۔ سواری راستے میں خراب ہو گئی تو دوسری تبدیل کر لیتا ہوں۔ میں بھی اس دار فانی میں ایک مسافر ہوں اور آپ بھی۔ میرا بھی ہر ایک لمحہ مجھے اپنی موت سے قریب کر رہا ہے۔ اور آپ کا بھی ہر لمحہ آپ کی زندگی کو مختصر کرنے میں لگا ہوا ہے۔ میں خدا کی توفیق سے اپنے رب کے دیئے ہوئے رزق اور نقد سے خدا کے بنک میں جمع کرتا ہوں اور اس کے وعدے پر یقین رکھتا ہوں۔ وہ وہاں مجھے اس کا کئی گنا سود در سود عنایت فرمائے گا جہاں کسی اور طرف سے کسی امداد کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ مگر آپ جس بنک میں جمع کرتے ہیں وہ آپ کے لئے نہیں غیروں کے لئے ہوگا وہ وراثت میں تقسیم ہو جائے گا۔ خرچ کرنے والے آپ کی مرضی کے پابند نہ ہوں گے۔ جہاں آپ کو ہمیشہ رہنا ہے وہاں اس دولت سے ایک پیسہ بھی آپ حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ سربفلک عمارت آپ اپنے ساتھ نہیں لے جا سکیں گے اس پر غیروں کا قبضہ ہوگا۔ اگر آپ نے آخرت میں کوئی عمارت تعمیر نہ کرائی تو وہاں آپ کے لئے پناہ کی کوئی جگہ نہ ہوگی۔ یہاں آپ کو خدا کی اطاعت و فرمانبرداری کے لئے فرصت نہیں ہے۔ عنقریب مصروفیت کے یہ لمحات ختم ہو جائیں گے اس وقت انتہائی خوفناک لمحات کا آغاز ہوگا جس کا تصور ہی وحشت بر اندام کر دینے کے لئے کافی ہے۔ مستقبل وہ نہیں ہے جس کے کسی ایک لمحے کا بھی یقین نہیں ہو سکتا۔ اصل اور یقینی مستقبل وہ ہے جو عنقریب آنے والا ہے۔ وہی آپ کا بھی مستقبل ہے اور وہی آپ کی اولاد کا بھی۔ آخرت کے عظیم اجر "ادھار" نہیں ہے اگر تو وہ قیامت کا نقد ہے۔ ادھار تو یہاں کا اجر ہے جس کے حصول کے لئے کچھ لمحات کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔ عمدہ غذا اور نفیس لباس سے آراستہ جسم کا بھی ٹھیک وہی حشر ہونا ہے جو روکھی سوکھی غذا اور موٹے جھوٹے کپڑوں والے جسم کا ہوگا۔ اصل مسئلہ اس روح کا ہے جو ان لباس اور غذاؤں سے محروم ہے۔

تھوڑی دیر کی ملاقات کے بعد جب میں وہاں سے رخصت ہوا اس وقت بھی ہم دونوں کی آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔ مگر میں راستے بھر سوچتا رہا کہ مال و دولت بھی کتنی کڑی آزمائش ہے۔

ان آیات کریمہ پر جتنا غور کرتا رہا اتنا ہی یقین کی کیفیت بڑھتی گئی۔

"اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تمہارے مال اور تمہاری اولادیں تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں۔ جو لوگ ایسا کریں وہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔ جو رزق ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور اس وقت وہ کہے کہ اے میرے رب کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہو جاتا۔ حالانکہ جب کسی کی مہلت عمل پوری ہونے کا وقت آجاتا ہے تو اللہ کسی شخص کو ہرگز یہ مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔"

(سورۃ منافقون)

ابو اختر اعظمی

محبت نام کی اک شے

عابد بخاری

یہاں تو حال ایسا ہے
کہ ہر دم جان جلتی ہے
محبت نام کی اک شے
سرِ راہ ہاتھ ملتی ہے
کوئی ایسا نہیں،
جو بڑھ کے میرا ہاتھ ہی تھامے
کوئی رستہ دکھا دے،
کوئی منزل بتا دے،
کوئی جینا سکھا دے

نصیحت کرنا سب جانیں
ہماری بات بھی مانیں
کہ یوں ہوتی نہیں اپنوں سے
رسوائی محبت میں
یہ رشتے خون کے اب کیوں
نہیں ہیں جوشِ الفت میں

بھٹک جائیں اگر راہی تو مت موڑنا
بچھڑ جائیں اگر بھائی تو مت روٹھنا
کہ اب تو حال ایسا ہے
محبت نام کی اک شے
سرِ راہ ہاتھ ملتی ہے

fortnightly
al-Hilal
VOL.9,NO.24 50¢
FEBRUARY 28, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ مینگل نے جلاوطن باغی بلوچوں کی قیادت سنبھال لی

مینگل اور خیر بخش مری کا فی الحال پاکستان جانے کا کوئی ارادہ نہیں

[illegible]

دو گاڑیاں نذر آتش کرنے کی کوشش

راولپنڈی اور اسلام آباد میں تمام کالج بند کر دیے گئے

گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کی بس اور پی آئی اے کے ٹرک کی آگ پر بروقت قابو پا لیا گیا

دونوں واقعات میں کسی شخص کو گرفتار نہیں کیا گیا

[illegible]

ریٹائرڈ میجر جنرل تجمل حسین کو ملک دشمن سرگرمیوں کے الزام میں ۱۴ سال قید بامشقت کی سزا

[illegible]

ملتان میں طلبہ کے ہنگاموں کے بعد تمام کالج بند کر دیے گئے

مشتعل طلبہ نے پولیس کی دو چوکیاں جلا دیں، طلبہ پر پولیس کا لاٹھی چارج

۱۴ طلبہ کو گرفتار کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا

ہنگامہ بس ڈرائیوروں، کنڈکٹروں اور طلبہ کے درمیان تصادم سے شروع ہوا

[illegible]

پی آئی اے پشاور سے ایئربس سروس شروع کرے گی

[illegible]

غیر وابستہ ممالک کی سربراہ کانفرنس آئندہ سال بغداد میں ہو گی

[illegible]

عوامی لیگ مجیب کے قاتلوں پر مقدمہ چلائے گی: حسینہ شیخ

[illegible]

[illegible]

نوابزادہ نصر اللہ خاں کو تین ماہ کے لئے نظر بند کر دیا گیا

[illegible]

پی آئی اے ڈیوٹی فری شاپس پر غیر ملکی سامان فروخت کرے گی

[illegible]

اندرا گاندھی کے نام صفدر شاہ کا تار

[illegible]

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورنٹو کینیڈا

- سالانہ زر خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے الہلال و کریسنٹ: ساڑھے سترہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے۔

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐